11139 ـ سود اور جوا سے خرید کردہ والد کے گھر میں رہائش رکھنا

سوال

جس گھر میں اور میرے گھر والے رہ رہے ہیں وہ والد صاحب نے بنك اور انشورنس كمپنى ميں شراكت كے ذريعہ خريدا تھا (يعنى يہ گھر حرام كمائى سے حاصل كردہ ہے) كيا ميں اس گھر ميں رہ سكتا ہوں ؟
اگر جواب نفى ميں ہو تو كيا ميرے ليے جائز ہے كہ ميں رہائش كے بدلے معقول كرايہ ادا كرتا رہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو اس رہائش اور گھر سے علیحدہ اور مستغنی ہو سکتے ہیں تو یہ بہتر اور اولی ہے، وگرنہ اس سے فائدہ حاصل کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور اس کا کرایہ وغیرہ ادا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے.

اور آپ کو چاہیے کہ اپنے والد محترم کو اس برائی سے نکلنے اور ترك کرنے کی نصیحت کریں، اور انہیں کہیں کہ خبیث اور اس طرح کی حرام کمائی سے دور ہی رہیں .